زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ رحمٰن ملک، ملکی حالات سے بے نیاز، متحدہ کے غصے کو ٹھنڈا کرنے کے لیے ''لندن'' کے چکّر لگا رہے ہیں۔ (منوّر حسن)

روز کہتا ہوں کہ اُس کوچے میں نہ جاؤں گا کبھی　　روز اُس کوچے میں اِک کام نکل آتا ہے

☆ ٹیکس اضافے کا آرڈیننس پارلیمنٹ سے منظور کرائیں گے۔ (وزیر خزانہ، حفیظ شیخ)

روٹی کپڑا، مکان کا وعدہ کرنے والی حکومت، غریب کا گلا گھونٹے گی۔

☆ عوام، جرائم کے خاتمہ کے لیے پولیس سے تعاون کریں۔ (زبیر انور لودھی۔ پولیس آفیسر)

چوری کے ملزمان دھمکیاں دے رہے ہیں، حکّام تعاون کریں۔ (ماجد حسین قریشی)

☆ ریمنڈ کو پیسے دے کر رہا نہیں کرایا۔ (ہیلری کلنٹن)

ریمنڈ کو امریکہ کے غلاموں کی انجمن نے رہا کرایا۔ (منوّر حسن)

☆ یہ نہیں بتا سکتے، کون سا قرض، سیاسی دباؤ پر معاف کیا گیا۔ (گورنر سٹیٹ بنک)

کہ اِس میں کچھ پردہ نشینوں کے بھی نام آتے ہیں۔

☆ حامد سعید کاظمی کی گرفتاری، حکمرانوں کے لیے لمحۂ فکریہ ہے۔ (لیاقت بلوچ)

اس طرح تو ہوتا ہے اس طرح کے کاموں میں

☆ جرائم پیشہ افراد برداشت نہیں۔ (رحمٰن ملک)

بلاتبصرہ!

☆ ایک طالبہ کو غیر اخلاقی میسج پر، خواجہ فرید پوسٹ گریجوایٹ کالج رحیم یار خان کے طلبا و طالبات نے رنگیلے پروفیسر زاہد اختر شاہین کی پٹائی کر دی۔ (ایک خبر)

نیا تعلیمی ادارہ...... پیار بھی اور مار بھی

☆ اسمبلی بدنام ہوئی لوٹے تیرے لیے۔ (پنجاب اسمبلی میں شور و غوغا)

جمیلہ گمنام ہوئی، بوٹے تیرے لیے

☆ وٹّہ سٹّہ ایک فرسودہ رسم ہے۔ تبدیلی لانا ہوگی۔ (وکلاء)

وٹّہ سٹّہ...... اِک سر مٹّی، اِک سر گھٹّہ